SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Friday, November 07, 1997

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty two minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم الله الرحمن الرحیم

یایها الذین امنو اتقو الله حق تقته ولا تموتن الا وانتم مسلمون۔

ترجمہ: مومنو خدا سے ڈرو جیسا کہ اس سے ڈرنے کا حق ہے اور مرنا تو مسلمان ہی مرنا۔

QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Chairman: Question hour, question No.117 Sajid Mir Sahib.

@117. *Mr. Sajid Mir: Will the Minister for Interior and Narcotics Control be pleased to state whether it is a fact that the Islamabad administratioin allowed the Rotary Club to hold a music show in Islamabad on 20-7-1997, if so, its reasons?

Ch. Shujaat Hussain: Yes. Such permissions are allowed to

@ Trasferred from the Ministry of Culture, Sports, Tourism and Youth Affairs.

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Friday, November 07, 1997

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty two minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم الله الرحمن الرحيم

یایها الذین امنو ا تقو الله حق تقته ولا تموتن الا وانتم مسلمون۔

ترجمہ: مومنو خدا سے ڈرو جیسا کہ اس سے ڈرنے کا حق ہے اور مرنا تو مسلمان ہی مرنا۔

QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Chairman: Question hour, question No.117 Sajid Mir Sahib.

@117. ***Mr. Sajid Mir:** Will the Minister for Interior and Narcotics Control be pleased to state whether it is a fact that the Islamabad administratioin allowed the Rotary Club to hold a music show in Islamabad on 20-7-1997, if so, its reasons?

Ch. Shujaat Hussain: Yes. Such permissions are allowed to

@ Trasferred from the Ministry of Culture, Sports, Tourism and Youth Affairs.

promote cultural/recreational activities in the capital subject to completion of all formalities.

Mr. Chairman: No supplementary. Next question Ch. Muhammad Anwar Bhinder, 188.

188. ***Ch. Muhammad Anwar Bhinder:** Will the Minister for Interior and Narcotics Control be pleased to state:

(a) the number of bank dacoities and the number of persons killed in these events since 1994, indicating also of the money looted during the said period; and

(b) the special measures government intends to take to prevent recurrence of such incidents?

Ch. Shujaat Hussain: Number of bank dacoities and number of persons killed since 1994 and the money looted is as under:-

	ICT	Punjab	Sindh	NWFP	Balochistan
Bank dacoities	10	83	42	20	20
Persons killed	01	21	04	04	03
Looted money	Rs.133,99637	Rs.252,48824	Rs.596,50244	Rs.139,90900	Rs.162,75279

(b) The following measures have been adopted by the provincial governments to curb/prevent recurrence of bank dacoities:-

ICT

(i) Bank authorities have deployed private security guards as well as police guards.

(ii) On the local points mobile squads have been deployed for 24 hours.

(iii) Food patrolling has been enhanced.

(iv) Emergency telephone numbers have been introduced to the public through wide publicity.

(v) Effective Watch and Ward system is being launched.

Punjab

Replacement of police guards by private security guards SDPOs and SHOs have been directed to visit banks during their working hours to assess the security net-work inside and outside the banks and to suitably guide the staff. Banks officials have also been directed to install emergency alarm system inside the banks. The same is being monitored /ensured through local police officials.

Sindh

Police guards/pickets are mounted and posted at the banks from morning till the banks are opened for public dealing besides banks also have their own security guards. Apart from this police mobile and police guards on Motor Bikes also patrol around the banks during banking hours to ensure that no incident of bank robberies /dacoities is attempted.

NWFP

Proper guards has been deployed at National Banks of Pakistan while the rest of the banks are concerned these are being protected by deputing constables on daily basis during office hours from the nearest police station/police posts as well as by conducting proper Naka Bandies and intensive patrolling.

Balochistan

(i) Patrolling both mobile and on foot has been intensified in all

the sensitive areas.

(ii) Police Nakas are established alternately at varying timings on important points on receiving of information about any such incidents.

(iii) Block raids frequently held during night hours to check movement of the anti-social elements.

(iv) Surveillance of the previous convicts in heinous crimes who have completed their sentence is also being done.

(v) Strengthening of existing check posts/establishment of new check posts, by the Distt. Administration and Police/Levies.

Mr. Chairman: Supplementary question?

چوہدری محمد انور بھنڈر، جناب اس جواب میں کہا گیا ہے کہ

number of ban dacoities and number of persons killed since 1994 and the money looted is as under:

اس میں یہ تفصیل دی گئی ہے۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں جناب والا کہ یہ تفصیل province wise دی گئی ہے ۔ تو کیا یہ جناب اس assessment کی بنیاد پر ہے جو کہ FIRs میں کی گئی تھی یا actual assessment کی بنیاد پر ہے۔

Mr. Chairman: Minister for Interior.

چوہدری شجاعت حسین: جناب والا جو FIRs میں تھی اس کے مطابق ہے۔

Mr. Chairman: Any other question

جی۔ جی فرمائیے ڈاکٹر حئی صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ ، OK. جناب والا میں وزیر موصوف سے یہ گزارش کروں گا کہ یہ جو dacoities ہیں ' road robberies ہیں' میں سمجھتا ہوں کہ پہلے سے زیادہ ہو رہی ہیں ہر صوبے میں۔ میں بلوچستان کے province کو جانتا ہوں وہاں تو کوئٹہ جیسا شہر بھی محفوظ نہیں

رہا۔ جو provincial capital ہے۔ اسی طرح سے کراچی ، لاہور اور پشاور کی صورتحال ہے ۔ آخر ہم یہ جاننا چاہتے ہیں کہ اتنا law enforcing agencies پر پیسہ ضائع ہو رہا ہے۔ اور خرچ ہو رہا ہے ویسے بھی کسی حکومت کے لئے شہریوں کے جان و مال کی حفاظت سب سے اہم ہوتی ہے ۔ تو یہ اس کے لئے ایسے اقدامات کیوں نہیں اٹھاتے جس سے کہ ایک عام شہری بغیر اسلحہ کے سکون کا سانس لے سکے ، ان کی پالیسیاں غلط ہیں ۔ جہاں کلاشنکوف عام ہو گی وہاں کیسے امن ہو گا۔

جناب چیئرمین ۔ اس دن یہ understanding ہوئی تھی کہ سوال پر تقریر نہ کی جائے بلکہ مختصر بات کی جائے ۔ جی منسٹر انٹریئر۔

چوہدری شجاعت حسین :جناب والا! معزز ممبر نے پالیسیز کی بات کی ہے تو میری اس سلسلے میں گزارش ہوگی کہ آپ یہاں پر ایک دن میں آدھا گھنٹہ ، گھنٹہ یا دو گھنٹے رکھ لیں ۔ ہماری جو پالیسیاں ہیں ان پر ہمیں یہ جو رہنمائی کریں گے اس پر عملدرآمد کرانے کی کوشش کریں گے ۔

جناب چیئرمین۔جی انور بھنڈر صاحب ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر ۔جناب والا!میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں ۔ اس میں کوئی شک نہیں ، ڈاکٹر صاحب نے بھی یہ فرمایا ۔ یہ بنک ڈکیتیاں دن بدن بڑھ رہی ہیں ۔ کچھ اقدامات بھی جناب والا کئے گئے ہیں لیکن پھر بھی باوجود اس بات کے کہ اگر بنک بھی محفوظ نہ ہوں کسی بھی سرمائے کے لئے تو حکومت جناب اس بات سے مطمئن ہے کہ یہ جو ڈکیتیاں ہو رہی ہیں ان کے لئے یہ measures کافی ہیں یا اور measures لینے کا ارادہ ہے ؟

چوہدری شجاعت حسین:اس سے بھی بڑھ کر جناب والا! اقدامات لینے کا ارادہ ہے۔

جناب چیئرمین۔ آخری ضمنی سوال راشدی صاحب ۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ کیا وزیر صاحب یہ بتائیں گے کہ یہ جو رقم بنکوں سے لوٹی گئی ہے اس سے کچھ واپس بھی ہوئی یا چلی گئی ؟

چوہدری شجاعت حسین :اس کی تفصیلات مہیا کردی جائیں گی ۔

جناب چیئرمین۔اگلا سوال نمبر ۱۲۱۔

121 *Mr. Khuda-e-Noor: Will the Minister for Interior and Narcotics Control be pleased to state :

(a) the number of FIA (Immigration) employees suspended during the year 1996 posted in the Province of Balochistan; and

(b) whether it is a fact that one Mr. Walayat Sub Inspector FIA Immigration Post Taftan was removed from service on the orders of former Minister for Interior Mr. Naseerullah Khan Babar, if so, the details of the charge levelled against the officer and the stage of enquiry against him?

Ch. Shujaat Hussain: (a) One employee of FIA Immigration posted in the Province of Balochistan was suspended during the year 1996.

(b) It is not a fact that Mr. Walayat, Sub-Inspector FIA Immigration Post Taftan was removed from service on the orders of former Minister for Interior Mr. Naseerullah Khan Babar. However, he was transferred from I&AS Check post Taftan to Crime Circle FIA Quetta on the orders of the then Minister for Interior.

جناب چیئرمین۔ ضمنی سوال ۔ خدائے نور صاحب ۔

جناب خدائے نور۔جناب والا! اس پر اگر آپ مجھے تھوڑی سی اجازت دے دیں ۔

جناب چیئرمین۔اجازت ہے جی ۔

جناب خدائے نور۔اس کا اصل پس منظر میں انتہائی مختصراً بیان کروں گا اور اسی کے ساتھ میں اپنا ضمنی سوال بھی عرض کروں گا ۔

تو گزارش یہ ہے کہ تفتان میں ایک سب انسپکٹر ایف آئی اے جس نے مجھے وہاں سے ، اس میں یہ بھی میں ظاہر کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت ٹیلیفون ٹیپ ہو رہے تھے ۔ یہ بھی اس میں ثبوت کے طور پر ہے ۔ اس نے مجھے تفتان سے ٹیلیفون کیا ۔ حال احوال پوچھا ۔ کوئی کار خدمت مجھے کہا ، مجھ سے کسی کا ایڈریس پوچھا کہ مجھے اس سے کوئی کام ہے ۔ اس پر اس وقت

کی پیپلز پارٹی کی حکومت کے وزیر داخلہ کے پاس انٹیلیجنس بیورو کی رپورٹ گئی کہ اس ایف آئی اے کے سب انسپکٹر نے خدائے نور سے ٹیلیفون پر بات کی اور اپنی خدمات آفر کیں ۔ اس بنا پر اسی وقت بابر صاحب کے دستخطوں سے explanation اور فوری طور پر وہاں سے ٹرانسفر کرنے کا ذکر ہوا ۔ ان کو وہاں سے ٹرانسفر کیا اور آج بھی وزیر موصوف کہہ رہے ہیں کہ ان کو ایک جگہ سے دوسری جگہ ٹرانسفر کیا ۔ اس سے سب انسپکٹر ہوتے ہوئے چپڑاسی کا کام آج بھی لیا جا رہا ہے ۔ اس کو ایسی جگہ پر لگایا گیا ہے ۔ صرف ان کو یہ ہے کہ اس نے خدائے نور کو ٹیلیفون کیوں کیا ، JWP کے سیکریٹری جنرل کو ٹیلیفون کیوں کیا ۔ ایک عزیز ایک دوست ہونے کے ناطے ۔ تو میں چوہدری صاحب سے اسی بنا پر یہ ضمنی سوال کروں گا کہ کیا وہ وہی سزا اس وقت بھی بھگت رہا ہے جو اس وقت تھی ، ان کو چاہئیے تو یہ تھا کہ جہاں سے اس کی اس بنا پر ٹرانسفر کی گئی تھی کیا اس کو واپس نہیں بھیجا جائے گا ، اس کا ازالہ کریں ؟

جناب چیئرمین۔جی وزیر داخلہ صاحب ۔

چوہدری شجاعت حسین :جناب والا! اسی جگہ تو بھیجنا شاید ممکن نہ ہو ، لیکن اگر وہ اچھا آفیسر ہے اور سینیٹر خدائے نور صاحب بھی سمجھتے ہیں کہ اچھا آفیسر ہے تو اسے دیکھ کر اچھی جگہ پر پوسٹ کیا جا سکتا ہے ۔

جناب چیئرمین۔اگلا سوال نمبر ۱۲۲۔ زاہد خان صاحب۔

122. * Muhammad Zahid Khan: Will the Minister for Defence be pleased to refer to the Senate Starred Question No.191 replied on 3rd July, 1997 and state whether there is any proposal under consideration of the government to enhance the duration of water supply to the areas referred to in the said question, if so, its details?

Minister for Defence: Duration of water supply would be enhanced on the availability of increase in water resources for which an additional tube-well is being bored near Shah Piyara Graveyard.

123. *Mr. Muhamamd Zahid Khan: Will the Minister for

Information and Media Development be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the government to install a TV. Booster in Dir, if so, when and if not its reasons?

Mr. Mushahid Hussain Sayed: PTV is setting up a PTV-2 Booster at proper Dir which is Phase -II expansion under Japanese Grant in Aid Projects.

PTV is trying its best for the completion of project by the end of March, 1998 (Inshalla).

There is also a proposal to install TV Booster at Dir (Timargarh) in 8th Five - Year Plan. The installation of which is subject to release of funds by the government.

Mr. Chairman: No supplementary. Next question 124 Syed Iqbal Haider.

124. ***Syed Iqbal Haider:** Will the Minister for Interior and Narcotics Control be pleased to state:

(a) the details of the cases of abduction got registered in F-10 Golra Police Station, Islamabad during the month of April, 1997;

(b) the number of abducted persons recovered/not recovered so far;

(c) the details of the efforts made/being made by the law enforcing agencies to recover the remaining abducted persons; and

(d) the number of culprits arrested so far in the said cases?

Ch. Shujaat Hussain: (a) Case FIR No. 68, dated 28-4-97 U/S 305-PPC Police Station Golra Sharif was registered.

(b) One, Suleman Hamid was abducted, who is yet to be recovered.

(c) The complainant has nominated accused Naseeb Rawan Khan S/o Kabil Khan R/o Soria Khail Manki Sharif, District Nowshehra. The Police party has raided several times at the native place of the accused, but as per information report the accused did not come back to his village after the commission of offence.

(d) No accused has so far been arrested.

Mr. Chairamn: No supplementary. Next question No.125.

125. *Syed Iqbal Haider: Will the Minister for Information and Media Development be pleased to state whether the Golden Jubilee Celebration Committee invited Mrs. Deena Jinnah, Daughter of the Founder of Pakistan to attend the Golden Jubilee Celebration in Pakistan, if so, the reasons due to which she did not attend the celebrations?

(Reply not received).

ڈاکٹر صفدر علی عباسی - جناب 125 سوال کا جواب نہیں آیا متعلقہ وزیر صاحب انفارمیشن منسٹر بھی موجود نہیں ہیں جناب -

جناب چیئرمین - جی انفارمیشن منسٹر صاحب بھی نہیں ہیں - جی چوہدری شجاعت صاحب -

چوہدری شجاعت حسین - جی جناب -

جناب چیئرمین - مہربانی کر کے اس کا نوٹس لیں - ایک تو اس کا جواب نہیں آیا ہوا اور منسٹر انفارمیشن بھی یہاں پر نہیں ہیں and I see no reason why he should not be present in this House.

چوہدری شجاعت حسین - ٹھیک ہے جی -

جناب چیئرمین - یعنی یہ کوئی طریقہ نہیں ہے کہ بغیر کسی اطلاع کے منسٹر صاحب

اپنی مرضی سے چلے جاتے ہیں ۔ ہاؤس کا وقار اور ہاؤس کی جو responsibilities ہیں ان کو پوری کرنی چاہئیں تو please inform that he must be here and he should explain his absence in the House.

ڈاکٹر صفدر علی عباسی ۔ ایک اور بھی عرض ہے جناب ۔

جناب چیئرمین ۔ جی ۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی ۔ اگر وزیر اطلاعات نہیں تھے تو ان کو اپنی ڈیوٹی کسی اور کو ۔۔۔

جناب چیئرمین ۔ جی بالکل صحیح بات ہے جی ۔ اگر کوئی وزیر کسی وجہ سے ، مجبوری سے نہیں آ سکتے تو at least he can do is, request to another colleague to answer these questions on his behalf. It is not proper that the House should be left without a Minister answering question. I agree with you. Yes, next is Khawaja Qutabuddin Sahib, 127.

127. *Khawaja Qutubuddin: Will the Minister for Defence be pleased to state :

(a) the number of Pakistani armed forces troops or police personnel working with U.N. indicating also the stations where they are serving and their station-wise break up;

(b) the revenue earned due to this deployments with the U.N. during the last 5 years;

(c) whether all the amount has been received from UN, if not, the amount still outstanding ; and

(d) whether it is a fact that the United States have donated some of its surplus military equipment to the U.N. peacekeepers, if so, whether Pakistan

has received any military equipment under this classification, if so, its details?

Minister Incharge for Defence: (a) Station-wise break-up of Pakistani troops employed on UN Peacekeeping Missions:

1. Contingent — No. of personnel

UN Transition Mission in Haiti (UNTMIH) 525

2. Staff Officers:

(a) Force HQ Haiti 19

(b) Demining School Angola 13

(c) UN HQ New York (including MA to PAREP) 3

3. Military Observers:

(a) UN Iraq/Kuwait Observer Mission 6

(b) UN Observer Mission in Angola 3

(c) UN Mission for referendum in Western Sahara 5

(d) UN Observer Mission in Georgia 6

(e) UN Observer Mission in Eastern Slavonia 8

4. Civil Police:

UN Mission in Bosnia Herzegovina 99

(b) Revenue earned during last five years:

US $ 236.831 million have so far been received from peacekeeping Missions:

1.	Combodia	1992-93
2.	Somalia	1992-95

3.	Bosnia	1993-96
4.	Eastern Slavonia	1996-97
5.	Haiti	1995-todate

(c) Amount still outstanding against UN.

Approximately US $ 63 million is outstanding on account of reimbursement for troops and contingent owned equipment.

(d) US equipment donation to UN/Pakistan

Donation of surplus military equipment to the UN peacekeepers by the United State is not known. Pakistan has not received any military equipment under this classification.

Mr. Chairman: No supplementary. Next is No.128, Dr. Ismail Buledi Sahib.

128. ***Dr. Muhammad Ismail Buledi:** Will the Minister for Interior and Narcotics Control be pleased to state the steps being taken by the government to control the terrorists activities especially in mosques?

Ch. Shujaat Hussain: The government has taken various steps to combat sectarian terrorism. Intelligence Coordination Committees have been constituted at provincial level which are listing out top most militants/terrorists and those involved in syndicated crimes. These lists are provided to Special Task Force established in each province who are mounting well planned operations for apprehending these elements.

Intelligence agencies have also been tasked to identify sources of funds and weapons for the militant sectarian organizations/terrorists elements. AHigh Powered Standing Commission has been set up for promotion of sectarian peace

and harmony. The law enforcing agencies of the provincial governments and ICT maintain vigilance and security on the Mosques and Imambargahs for prevention of any act of violence/terrorism.

Mr. Chairman: Supplementary question.

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ جناب میں نے جو سوال کیا ہے اور جو جواب وزیر موصوف نے دیا ہے میں اس سے مطمئن نہیں ہوں اس لئے کہ یہ فرقہ واریت اور دہشت گردی کے حوالے سے ملک میں جو کچھ ہو رہا ہے، آج ہی کراچی میں بنوری ٹاؤن میں جو واقعہ ہوا ہے اور ایک ہفتہ گزرنے کے باوجود بھی اس کے ملزموں کا سراغ نہیں لگایا جارہا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ اس محکمے پر شجاعت صاحب کا کوئی کنٹرول نہیں ہے یا وہ اپنے ماتحتوں کو پریس نہیں کر سکتے ہیں۔ لہٰذا پورے ملک میں آج فرقہ واریت کے حوالے سے دہشت گردی ایک اہم مسئلہ ہے اور لوگ انتہائی پریشان ہیں۔ کراچی میں، لاہور میں، کوئٹہ میں جہاں بھی آپ جائیں دہشت گردی کے حوالے سے لوگوں کو پریشانی ہے اور خاص کر جمعیت العلماء اسلام کو ہے جو ہماری پارٹی ہے، اس کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ میں وزیر موصوف سے یہ سوال کرنا چاہتا ہوں کہ آیا یہ جو انہوں نے جواب دیا ہے یہ لفظی ہے، اس پر کوئی implementation نہیں ہوئی ہے اور آج تک اس مسئلے پر کوئی مطمئن نہیں ہے۔ وہ مجھے اور اس ہاؤس کو مطمئن کریں کہ واقعی جو انہوں نے جواب دیا ہے کہ میں نے کمیٹیاں تشکیل دی ہیں اور میں نے مختلف جگہوں میں مساجد کی حفاظت کے لئے انتظامات کئے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ صرف یہ تحریری طور پر ہے عملی طور پر کچھ نہیں ہے۔ وہ مجھے مطمئن کر سکتے ہیں کہ وہ مزید اس کو عملی شکل دیں گے تاکہ فرقہ واریت کے حوالے سے، دہشت گردی کے حوالے سے جو پولیس اور مختلف ادارے لوگوں کو تنگ کرتے ہیں اور بے گناہ قتل ہو رہے ہیں اور اس ملک میں عام غریب کی جان و مال کا تحفظ نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! آپ کے توسط سے میں وزیر داخلہ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ وہ ہمارے سوالات میں کوئی --

جناب چیئرمین۔ سوال کر لیں۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ جناب سوال یہ ہے کہ وہ ہمیں مطمئن کریں کہ جو

انہوں نے جواب دیا ہے اس پر عملی طور پر کچھ کر رہے ہیں یا صرف تحریری باتیں ہیں ۔

جناب چیئرمین ۔ جی وزیر داخلہ صاحب ۔

چوہدری شجاعت حسین ۔ جناب والا! سارے ہاؤس کو پتا ہے کہ لاء اینڈ آرڈر اور terrorism کے معاملات اس وقت چل رہے ہیں ۔ یہ صوبائی معاملات کے دائرہ اختیار میں آتے ہیں ان کو ہدایات بھی جاری کر دی گئی ہیں ، ان کو ایک پالیسی گائیڈ لائن بھی دے دی گئی ہے ۔ جہاں تک ان کے سوال کا تعلق ہے کہ ہمیں مطمئن کریں کہ مساجد میں پولیس گارڈ لگائی گئی ہے یا نہیں تو وہ تمام صوبائی حکومتوں کو کہا گیا ہے کہ وہ مساجد میں پہرے کا انتظام کیا کریں۔ اگر کسی خاص مسجد کی بات کر رہے ہیں تو وہ مجھے جائیں میں انہیں مطمئن کر دوں گا ۔

جناب چیئرمین۔ جی مسعود کوثر صاحب ، ایک منٹ جی ، ایک کر لیں پھر آپ کو موقع دیتا ہوں ۔

سید مسعود کوثر ۔ جیسا کہ ہم سب کو معلوم ہے کہ یہ اس وقت اس ملک کا انتہائی سنگین مسئلہ ہے اور خاص طور پر جیسا کہ sectarian violence ہوتی ہے جو وزیر موصوف نے جواب دیا ہے وہ کوئی اتنا تسلی بخش نہیں ہے ۔ کیا وزیر موصوف صاحب یہ بتانا چاہیں گے کہ کیا concrete steps وہ envisage کرتے تھے اور کیا ٹائم فریم انہوں نے مقرر کئے ہیں کہ اس دوران proposals ان کے پاس آنی چاہئیں اور ان proposals کی روشنی میں عمل کیا جائے گا ۔ concrete proposals ہیں ان کے پاس ، ان کی منسٹری کے پاس ۔

جناب چیئرمین ۔ جی وزیر داخلہ صاحب ۔

چوہدری شجاعت حسین ۔ جناب والا! معزز سینیٹر ہاؤس کے سپیکر بھی رہے ہیں ۔ اگر وہ مکمل جواب دیکھیں تو وہاں پر تمام proposals کا ذکر کیا گیا ہے ۔ اس میں سے اگر وہ کسی نکتے کے اوپر وضاحت چاہیں تو میرا خیال ہے کہ زیادہ مناسب ہو گا ، وہ وضاحت میں دینے کو تیار ہوں اور اگر بحث کرنی ہے تو اس کے لئے ٹائم نکال لیں ۔

سید مسعود کوثر ۔ انہوں نے کہا ہے کہ کمیشن مقرر کیا گیا ہے ۔ کیا اس کمیشن کو کوئی ٹائم دیا جائے گا کہ ہم اپنی proposals دیں یا نہ دیں ۔

جناب چیئرمین ۔ کونسے کمیشن کی بات کر رہے ہیں ، کونسے کمیشن کی بات کی جارہی ہے ۔

سید مسعود کوثر ۔ اس میں ذکر ہے جناب ۔

جناب چیئرمین ۔ کون سا ۔

The high powered standing commission has been set up for promotion of sectarianism.

یعنی مطلب یہ ہے کہ وہاں بیٹھ کر حالات کو بہتر کروائیں تو اس کا time limit کیا ہو گا یعنی وہ کمیشن اس طرح کا نہیں ہے کہ fact finding آپ کریں ۔ یہ تو اس طرح ہے کہ ایک کمیٹی بن گئی ہے کہ آپ کوشش کریں کہ حالات بہتر ہو جائیں ۔ جی مسعود کوثر۔

سیدمسعود کوثر۔ جناب والا! انہوں نے کہا ہے کہ

an intelligence agency have also been asked to identify sources of fund and weapons for the military secretarian organization terrorist element. A high power standing commission has been set up for promotion of secretarian peace and harmony. The law enforcing agency in provincial governments and ICT to maintain vigilence and security.

یہ تمام جنرل سی باتیں ہیں ۔ میں یہ جاننا چاہوں گا کہ آپ نے کوئی وقت مقرر کیا ہے کہ دو یا تین ماہ کے اندر جہاں سے یہ شروع ہوتا ہے ، ان کو آپ identify کروائیں یا اور کیا complete steps اس situation کے حل کے لئے لینا چاہتے ہیں۔یہ ایک جنرل سی بات ہے ۔ اس سے آپ مطمئن نہیں کر سکتے۔

جناب چیئرمین۔جی وزیر داخلہ صاحب۔

چوہدری شجاعت حسین ۔جناب والا! کمیشن کا جہاں تک ذکر کیا گیا ہے ۔ یہ ایک continuous process ہے اور یہ وزارت مذہبی امور کے تحت قائم کیا گیا ہے ۔ وزیر مذہبی امور اس کے چیئرمین ہوں گے اور میں اس کا ممبر ہوں گا۔ اس کی ہر ماہ یا ڈیڑھ ماہ بعد میٹنگ ہوا

کرتی ہے اور وہاں پر تمام مسالک کے علمائے کرام ہیں یا دوسرے معزز شہری ہیں ۔ ان کو اس میں شامل کیا ہوا ہے ۔ وہ اپنی اپنی تجاویز لے کر آتے ہیں تاکہ اس پر حکومت عمل درآمد کرانے کی کوشش کرے ۔

جناب چیئرمین۔ جی جناب اسماعیل بلیدی صاحب ۔آپ کا سوال ہے ۔

ڈاکٹرمحمد اسمعیل بلیدی۔ جناب والا! میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ حال ہی میں کراچی بنوری ٹاؤن میں جو تین علمائے کرام دہشت گردی کے حوالےسے مارے گئے تھے ۔ ان کا بتایا جائے کہ ان ملزموں کو کب تک گرفتار کیا جائے گا۔

جناب چیئرمین۔ جی وزیر داخلہ صاحب۔

چوہدری شجاعت حسین۔ جناب والا! اس سلسلے میں ایک موشن بھی آیا ہوا ہے ،اگر آپ اجازت دیں تو میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ جناب والا! یہ جب افسوس ناک واقعہ پیش آیا تو میں خود کراچی گیا۔میں اس مدرسہ میں بھی گیا اور علمائے کرام سے بھی میٹنگ ہوئی ۔ میں یہ کہوں گا کہ اس وقت صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ سندھ کی سربراہی میں بالکل صحیح سمت کی طرف جا رہے ہیں اور میرا خیال ہے کہ اس کو disclose کرنا مناسب نہ ہو گا بہرحال ان کی اب تک کی تفتیش سے حکومت پاکستان مطمئن ہے۔

جناب چیئرمین۔ جی اب وزیر اطلاعات یہاں موجود ہیں ۔ ان سے پوچھ لیں ۔ایک سوال نمبر 125 تھا جس کا جواب بھی نہیں آیا ہوا ہے-- I am glad that you are here but I wish you here in time.

Mr. Mushahid Hussai Sayed : No Sir, I am sorry for that because there was a problem. There are forty questions of my Ministry in the National Assembly the same time and I was coordinating with the Parliament and I appologize yourself I am sorry for that.

Mr. Chairman:- That is good justification but I wish you had been informed well in time then we would have deferred this question to be taken up

when you are here but we have not received the reply to this question.

Mr. Mushahid Hussain Sayed: Sir, There was a technical problem and I will give the answer right now. The technical problem was that now this Golden Jubilee Celebration Committee with the Ministry of Culture of which I am no longer Incharge. But I will give the answer to this question that the Golden Jubilee Celebrations Committee did not invite Mrs. Deena Jinnah for this celebrations.

جناب چیئرمین۔ جی اقبال حیدر صاحب - کیا آپ سوال 125 پر کوئی سوال پوچھنا چاہیں گے -

سید اقبال حیدر - جناب والا! یہی تو میری شکایت ہے کہ انہوں نے دعوت نہیں دی کیونکہ یہ فیصلہ پہلے ہو چکا تھا کہ محترمہ کو دعوت دینی ہے - ہماری یہی شکایت ہے کہ آپ نے ان کو کیوں دعوت نہیں دی - پاکستان کی پچاس سالہ جشن آزادی کے موقع پر قائداعظم کی صاحبزادی اگر تشریف لاتی ہیں تو ہمارے ملک اور عوام کے لئے ایک بڑی خوشی کی بات ہے - آپ کو ابھی ان کی بیٹی کو دعوت دینی چاہئیے کیونکہ آپ نے پچاس سالہ تقریبات کو اگلے سال مارچ تک جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے تو ابھی بھی اتنی تاخیر نہیں ہوئی ہے کہ آپ ان کو نہ بلائیں - آپ اب بھی اس نقصان کی تلافی کر سکتے ہیں -

جناب مشاہد حسین سید - جناب والا ! اس مسئلے پر کافی تفصیلی بحث ہوئی تھی اور آپ کو معلوم ہو گا کہ یہ جو کمیٹی ہے - یہ ایک آدمی کی کمیٹی نہیں ہے - اس کمیٹی میں پاکستان کے leading intellectuals بھی شامل ہیں اور یہ فیصلہ ہوا تھا کہ

and I would say that this decision was taken by consensus and in the view of the members of the committee they felt that the daughter of the Quaid-i-Azam had no role in the Pakistan movement and just the fact that the accident of birth this was ..

میں آپ کو وہی بتا رہا ہوں جو کمیٹی کی رائے تھی - میں اس سے آپ کو مطلع کر رہا ہوں - آپ

پہلے میری بات سن لیں ۔ کمیٹی کی رائے یہ تھی کہ پاکستان کے بنانے میں ان کا کوئی اہم رول نہیں تھا ۔ accident of birth is no qualification for a certain position, just because she happens to ... اب جو قائداعظم کی ہمشیرہ تھیں ' ان کا اہم رول تھا اور اس وجہ سے ان کو مادرملت کہا جاتا ہے ۔ ان کی بیٹی کا کوئی خاص رول یا تعلق نہیں تھا ۔ یہ کمیٹی کی رائے تھی ۔ اس بنیاد پر یہ فیصلہ کیا گیا تھا ۔ اس کے علاوہ یہ ہوا ہے کہ کمیٹی میں جو ڈاکٹر زمان زیدی صاحب ہیں وہ خودبھی گئے وہ ان کو جاکر ملے بھی ہیں' انہوں نے ان کو قائداعظم کے بارے میں books present کی ہیں ۔ وہ 50 سال سے پاکستان بھی نہیں آئیں ۔ So this was the justification for the Committee's decision, not in mine.

سید اقبال حیدر ۔ جناب یہ بڑی افسوناک justification ہے کہ آمروں کے صاحب زادوں کا جنرل ضیاء الحق کے بیٹے کا کیا رول ہے کہ انہوں نے تمام تقریبات میں شرکت کی ہے۔

(مداخلت)

جناب مشاہدحسین سید ۔ نہیں پاکستان کی گولڈن جوبلی میں کوئی رول نہیں ہے۔ نہ گوہر ایوب کا رول ہے نہ اس میں اعجاز الحق کا رول ہے ۔

سید اقبال حیدر ۔ برائے مہربانی اس پر نظرثانی فرمائیں۔یہ رول کی بات نہیں ہے قائداعظم سے عقیدت کی بات ہے۔ اظہار عقیدت ہے قائداعظم کے ساتھ اور اگر ان کی صاحبزادی زندہ ہیں اور وہ پاکستان میں آئیں تو ہمارے لئے بڑی خوشی کی بات ہے۔

Mr. Mushahid Hussain Sayed: He is contradicting himself.
ایک طرف یہ کہہ رہے ہیں کہ فلانے کے بیٹے کا کیا رول ہے تو اس حوالے سے یہ کوئی وراثت کی سیاست نہیں ہے۔ ایک کمیٹی نے فیصلہ کیا تھا۔ جن کا پاکستان movement میں رول نہیں تھا by an accident of birth she happens to be the daughter of the Quaid-e-Azam. She is living in Newyork fine ان کا پاکستان movement میں رول نہیں ہے ۔ اب ایک طرف آپ کہہ رہے ہیں کہ ان کا کیا رول ہے جو فلانے کا بیٹا ہے۔ایک طرف آپ justify کریں۔ اور دوسری بات ہے

technically speaking this portfolio is now with my honourable member of

Parliament and my colleague and friend Shaikh Rashid sahib Minister for Culture. He is the Chairman. So this question should be addressed to him.

سید اقبال حیدر۔ تو پھر اس سوال کو defer کیا جائے۔

جناب چیئرمین۔ دیکھتے ہیں۔ جی راجہ اورنگ زیب صاحب۔

راجہ محمد اورنگ زیب۔ میرے فاضل دوست نے یہ فرمایا ہے کہ اس میں گوہر ایوب کا کیا رول ہے اور اعجاز الحق کا کیا رول ہے ، تو میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ ذوالفقار علی بھٹو کا کیا رول ہے کہ جس نے پاکستان توڑا ، اس کا یہ رول ہے۔ کیا وہ اس کا یہ رول تسلیم کریں گے اور ایسے آدمی کی بیٹی کو گولڈن جوبلی میں شامل کریں گے جو پاکستان کے دوٹکڑے کرنے والے ہوں۔ ان کا یہ رول ہے۔

جناب چیئرمین۔ جی ڈاکٹر صفدر علی عباسی صاحب۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ ہم چاہتے یہ تھے کہ question hour میں questions ہوں اور اس کے answers آئیں لیکن چونکہ ایک direct allegation اور جو آج رات T.V. پر دکھائی جاتی ہے۔ ذوالفقار علی بھٹو کے رول پر direct allegation کی گئی ہے ۔ اگر ان کا یہ رول discuss ہی کرنا ہے تو اس کے لئےمیرے خیال میں الگ موقع ہونا چاہیئے۔ میں قطعاً اس بات کوrebut کرتا ہوں کہ ایسٹ پاکستان کی جو fall تھی اس میں کس کا ہاتھ تھاکس کا نہیں تھا، اس پر بحث بہت زیادہ لمبی ہوسکتی ہے لیکن میں قطعی طور پر یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ذوالفقار علی بھٹو اس ملک پاکستان کے saviour تھے اور ذوالفقار علی بھٹو کے رول پرہمیں فخر ہے، پاکستان پیپلزپارٹی کےہر کارکن کو فخر ہے اور اسی کی وجہ سے آج ہم اس پارلیمنٹ میں بیٹھے ہیں اور ہم ان کے رول کو ہمیشہ خراج تحسین پیش کرتے رہیں گے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ بس ہو گئی بات۔

راجہ محمد اورنگ زیب۔ پاکستان کے دو ٹکڑے کرنے والا ذوالفقار علی بھٹو ہے۔ ایسٹ پاکستان بنانے والے ذوالفقار علی بھٹو ہیں۔

میاں رضا ربانی۔ پارلیمنٹ میں بیٹھ کر سپریم کورٹ کی دھجیاں اڑانے والے یہ کیا بات کرتے ہیں پاکستان کی۔

Mr.Chairman: Mr. Raza Rabbani please sit down.

Yes Mr. Abdul Hayee, supplementary on question No.128.

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ میرا وزیر صاحب سے یہ ضمنی سوال ہے کہ اگر کسی ملک کے اندر عبادت گاہیں بالخصوص مساجد محفوظ نہ ہوں اور شہری نماز پڑھنے کے لئے بھی خوف زدہ ہوں تو کیا یہ میری اس تجویز پر غور فرمائیں گے کہ اس ملک میں سب سے پہلے نمبر ایک فرقہ واریت کے خلاف حکومت کو پوری campaign چلانی چاہیئے اور اس کے لئے تمام سیاسی جماعتوں سے تعاون حاصل کرنا چاہیئے۔ جو بھی غیر ملکی پاکستان میں آتا ہے اس کو اپنے ملک میں ایسے نہیں چھوڑنا چاہیئے۔ جیسے ہمارے borders free ہیں۔ دوسرا میں یہ عرض کروں گا کہ ملک کے اندر جو اسلحہ کی نمائش ہے ، وہ اسلحہ ان سے واپس لیا جائے۔ تیسرے میں یہ عرض کروں گا کہ لاکھوں غیر ملکی جو پاکستان میں غیر قانونی طور پر مقیم ہیں ان کو نکالیں۔ جب تک آپ ان اقدامات پر توجہ نہیں دیں گے، اسلحہ کی نمائش اور کلاشنکوف کلچر ختم نہیں ہو گا اور rule of law نہیں ہو گا۔

جناب چیئرمین۔ آپ تقریر کر رہے ہیں یا سوال پوچھ رہے ہیں۔سوال پوچھیں۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ سوال یہ ہے کہ میں نے جو یہ تجاویز دی ہیں حکومت وقت اس پر غور فرمائے۔

جناب چیئرمین۔ جی غور فرمائیں گے (وزیر داخلہ صاحب کو متوجہ کر کے) جی غور فرما لیں۔ جی تاج حیدر صاحب۔

جناب تاج حیدر ، جناب چیئرمین، کیا وزیر موصوف تردید کریں گے کہ ایک سیاسی معاہدے کے ذیل میں بہت سے دہشت گرد چھوڑے گئے ہیں اور جو پھر سے ان جرائم میں ملوث ہیں اور پکڑے جا رہے ہیں۔ ان میں وہ لوگ شامل ہیں جو ان کی حکومت نے ایک سیاسی معاہدے کے تحت چھوڑے تھے۔

جناب چیئرمین ، جی منسٹر صاحب۔

چوہدری شجاعت حسین: اس طرح کا کوئی معاہدہ نہ ہوا ہے اور نہ ہوگا کہ کسی دہشت گرد یا ملک دشمن عناصر کو حکومت خود بخود چھوڑ دے۔

جناب تاج حیدر: جناب، میں ایک فہرست پیش کروں گا۔

جناب چیئرمین: جی دے دیں فہرست۔ سوال نمبر ۱۲۹ ڈاکٹر بلیدی صاحب۔

129. ***Dr. Muhammad Ismail Buledi**: Will the Minister for Defence be pleased to state:

(a) the details of the increases made in the PIA fare since January, 1996; and

(b) whether there is any proposal under consideration of the government to further increase the fare if so, its details?

Minister Incharge for Defence: (a&b) The requisite information is being collected and will be placed before the House as soon as possible.

Mr. Chairman: Yes, Minister for Interior..

چوہدری شجاعت حسین: جناب چیئرمین! میں نے خاقان عباسی صاحب کو کہا تھا کہ ان کو اجازت ہے کہ وہ ہاؤس میں آسکیں تو انہوں نے کہا تھا کہ میرے جو تین سوال ہیں، جو ڈیفر کئے گئے ہیں، میں خود آ کر جواب دوں گا۔

جناب چیئرمین: تو یہ خود کیوں نہیں آئے۔ ڈیفر کرنے کے لئے درخواست بھیج دیتے ہیں۔ یہ کیا مذاق ہے۔ کیا خاقان عباسی صاحب ہاؤس سے بہت بڑے ہیں۔

چوہدری شجاعت حسین: سوال بہت important تھے۔ اس لئے انہوں نے کہا ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں سوال important تھے لیکن کیا خاقان عباسی صاحب بہت بڑے آدمی ہیں کہ ہاؤس میں نہیں آسکتے۔

Please don't get involved. This is between me and the Minister. When I finish one item then I will ask you for your suggestion. So, please I would like you to

tell him that he should be in the House and this is hardly a courtesy to the House if he sends the message

کہ جی میں آج نہیں آ سکتا اس کو ڈیفر کر دیں۔ کیوں ڈیفر کر دیں۔ منسٹر کی بنیادی ذمہ داری ' ہاؤس کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ اس کا مقصد ہوتا ہے ہاؤس کو assist کرنا ' ہاؤس کے سامنے جوابدہ ہونا۔ تو یہ مذاق ہوتا ہے کہ وہاں سے پیغام بھیج دیا کہ میں نہیں آ سکتا۔

And in fact, I have not seen him for many months in this Parliament. Please tell him that this is his basic responsibility before this House. جی آپ جائیے۔

Mian Raza Rabbani: Sir, I was just pointing to you that you would like to consider that I don't think under the Rules Mr. Khakan Abbasi can come to the Senate because he is not a Minister as such. He is Chairman of PIAC with the status of a Federal Minister.

Mr. Chairman: We will examine it at the appropriate time.

جی جناب بلیدی صاحب، لیکن وہ اب نہیں ہیں تو جواب کون دے گا۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب چیئرمین! یہ ٹھیک ہے لیکن چونکہ میرا سوال ہے۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ پورے ہاؤس کی توہین ہے۔ یہ ایک دفعہ نہیں ہے ' کئی دفعہ ایسا ہوا ہے کہ منسٹر نہیں آتے ہیں اور ہمیں بتاتے ہیں کہ منسٹر موجود نہیں ہے۔ یہاں لکھا ہوا ہے کہ اس کا جواب اب تک موصول نہیں ہوا ہے جبکہ ۲ مہینے پہلے میں نے اس کو بھیج دیا تھا۔ ۲ مہینے پہلے سوال جائے اور ۲ مہینے گزرنے کے باوجود اس کا جواب نہ آئے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ ہم اس کے بعد سوال نہ کریں یا وہ ہمیں بتائیں کہ وہ جواب نہیں دیں گے۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ اہم مسئلہ ہے کہ PIA کا کرایہ راتوں رات بڑھایا جاتا ہے۔ پوری قوم پریشان ہے اور خاص کر مکران سے کراچی، کراچی سے گوادر، پنجگور سے تربت کے جو کرائے ہیں وہ مہینے میں ۴ دفعہ بڑھاتے ہیں۔ اس کا کیا جواز ہے۔ اس کے لئے ہمیں بتا دیں کہ اس سوال کو دوبارہ کب پیش کریں گے۔ اس رواں سیشن کے دوران مجھے اس کا جواب چاہیئے۔

جناب چیئرمین: جی جناب اقبال حیدر صاحب۔

سید اقبال حیدر، جناب چیئرمین! لکھا ہوا ہے کہ متعلقہ معلومات حاصل کی جا رہی ہیں۔ یہ جواب کس کا ہے۔ سوال یہ تھا کہ

whether there is any proposal under consideration of the Government to further increase fares of PIA. The reply is that the information is being collected. Whereas the announcement for increasing the fare from 15th of November has already been published in the newspapers. Is this the respect they are showing to the Parliament that they don't mind informing the public at large through the Press but they mind informing the Houses of Parliament about a decision. This is a most condemnable trend. This is utter disrespect to the House.

Mr. Chairman: Yes, Aftab Sheikh Sahib.

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Sir, I fully agree with my friend Mr. Iqbal Haider, I mean, we have been taken for granted in this Parliament. What the answer you should kindly see is this ; ' the requisite information is being collected and will be placed before the House as soon as possible'. We want to know as to when the letter was sent and when the letter was received by the PIA. After all a question is put by a learned member here as to when this question was sent to PIA. How much time they want for collecting the information.

جناب چیئرمین : صحیح بات ہے۔ اتفاق سے چوہدری صاحب مجھے آپ کو کہنا پڑ رہا ہے۔ آپ کی ذمہ داری براہ راست یہ نہیں بنتی۔ چونکہ آپ وزیر ہیں تو لہذا آپ کو مجھے کہنا پڑ رہا ہے کہ یہ information آسانی سے ٹیلیفون پر مل سکتی ہے۔ فیکس پر آجائے گی اگر ان کو کہا جائے کہ یہ فلاں تاریخ سے فلاں تاریخ تک ہے۔ یہ کوئی اتنی مشکل بات نہیں ہے۔ چونکہ کوئی دلچسپی نہیں لے رہا ہے۔ اس محکمے کا وزیر نہیں ہے ۔ تو اس وجہ سے غالباً کچھ اس طرح سے ہو رہا ہے۔

جناب آفتاب احمد شیخ : جناب House کا privilege ہے to know کہ ان کو

بھیجا کب گیا تھا۔

جناب چیئرمین : یہ کہہ رہے ہیں کہ 30 اگست کو بھیجا گیا تھا۔

جناب آفتاب احمد شیخ : اگست، ستمبر پورا ، اکتوبر پورا اور اب نومبر کی ، تاریخ ہے۔

جناب چیئرمین : پلیز چوہدری صاحب اب اس معاملے میں investigation کروائیں کہ کیا بات ہے who is at fault, what is happening یعنی خاقان عباسی صاحب پی آئی اے میں پھنسے ہوئے ہیں لیکن there should be somebody handling this ministry یعنی Defence Ministry کو تو handle کرنا ہے۔

چوہدری شجاعت حسین : جہاں تک Defence Ministry کا تعلق ہے میں اس کا انچارج ہوں پارلیمنٹری بزنس کا لیکن جب خاقان عباسی پی آئی اے کے چیئرمین بن گئے تو پھر یہ فیصلہ ہوا کہ پی آئی اے کے متعلق جو سوالات ہیں نیشنل اسمبلی اور سینٹ میں ان کے جوابات چیئرمین پی آئی اے خاقان عباسی صاحب دیا کریں گے۔ اس لئے یہاں پر coordination میں کوئی غلطی ہوئی ہے۔ آپ اگلے دن پر لگا دیں۔

جناب آفتاب احمد شیخ : جناب نو ہفتے ہوگئے ہیں۔ نو ہفتے، اس سوال کو نو ہفتے ہوگئے ہیں۔

جناب چیئرمین : راجہ صاحب آپ بھی اس میں دلچسپی لیں۔

This is very shame and embarrassment that a person who has taken responsibility, I have seen him in this House and this question was sent to the Ministry on the 30th of August.

تو آج دو مہینے کے بعد آ رہا ہے کہ information is being collected یعنی آج کل کے زمانے میں یہاں ٹیلی فون کریں فیکس پر دو منٹ میں آجائے گا۔

راجہ محمد ظفر الحق : اب یہ کہ

whether he can attend the Senate session, I don't know.

جناب چیئرمین ، دیکھیں جی if he cannot, somebody else should handle these questions. The Government should then make some arrangements اگر نہیں کر سکتے تو somebody else.

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Sir, the question whether he can attend or not it is entirely different. The Minister is already here.

Mr. Chairman: Correct, absolutely I agree.

I think he should ask the Defence Secretary why this matter تو اس میں راجہ صاحب is being delayed. جی جناب بولیدی صاحب۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی ، جناب چیئرمین' مجھے بہت افسوس ہے کہ دو مہینے کے بعد بھی پی آئی اے کا جو چیئرمین ہے اس کو اتنی فرصت نہیں ہے کہ وہ ایک سوال کا جواب دے سکے۔ اس کی معنی یہ ہے کہ ملی بھگت سے ' گورنمنٹ اور آپس میں جو کرائے بڑھاتے ہیں انکے پاس اس کا کوئی جواز نہیں ہے۔ وہ کوئی جواب نہیں دے سکتے ہیں۔ وہ اس میں فیل ہو چکے ہیں۔ لہذا میں سمجھتا ہوں کہ پوری قوم کے ساتھ غداری ہے کہ خوامخواہ راتوں رات کرایوں میں اضافہ کر دیتے ہیں۔

جناب چیئرمین ، جی جناب صفدر عباسی صاحب۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی ، میں آپ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ یہ ڈیفنس منسٹری کا port-folio پرائم منسٹر نے اپنے پاس رکھا ہوا ہے ۔ میں اس میں محسوس کرتا ہوں کہ یہ پرائم منسٹر کی اپنی ذاتی ذمہ داری ہے کہ یا تو وہ port-folio کو سنبھالیں یا کوئی منسٹر تعینات کریں۔ یا جیسے چوہدری شجاعت صاحب پہلے ڈیفنس کے matter handle کرتے تھے چوہدری شجاعت کو handle کرنے دیئے جائیں۔ وہ پہلے جواب دیتے رہے ہیں یہ پرائم منسٹر کی اپنی ذمہ داری ہے کہ وہ یہ port-folio کس کو handle کرنے کے لئے دیتے ہیں۔

Mr. Chairman: So let the Prime Minister decide.

جی جناب تاج حیدر صاحب۔

جناب تاج حیدر : جناب میں تین خط چیئرمین پی آئی اے کو لکھ چکا ہوں، جو "ہمسفر" رسالہ ہے پی آئی اے کا اس میں موئنجو دڑو کو دریا کے بائیں کنارے پر دکھایا گیا ہے۔ دنیابھر میں یہ رسالہ جاتا ہے اور موئنجو دڑو کی جو پوزیشن ہے وہ تک اس میں غلط دکھائی گئی ہے جوہمارا عظیم ثقافتی ورثہ ہے۔ کیا میں آپ کے ذریعے یہ گزارش کر سکتا ہوں کہ اس طرف توجہ دلائیجائے، تین خط میں نے لکھے ہیں اور انہوں نے جواب تک نہیں دیا۔

جناب چیئرمین : کس چیز میں انہوں نے جواب نہیں دیا۔

جناب تاج حیدر : جناب ان کا ایک رسالہ ہے "ہمسفر" جو کہ ہر aircraft میں دنیا بھر میں جاتا ہے۔اس میں موئنجو دڑو دریا کے بائیں کنارے پر دکھایا جا رہا ہے بار بار پچھلے چھ مہینے سے۔ جبکہ دریا کے دائیں کنارے اس کی جگہ ہے۔ اگر ہم اپنے ثقافتی ورثے کو اس طرح ------

جناب چیئرمین : بہرحال راجہ صاحب کو دیتے ہیں I am sure he will look into this matter.

راجہ محمد ظفر الحق : جناب چیئرمین، آج سے تقریباً دو سال پہلے انہی کی گورنمنٹ کے زمانے میں، میں نے بھی "ہمسفر" رسالہ دیکھا، جو روٹس کا نقشہ بنا ہوا ہے جس کے بارے میں معزز رکن فرما رہے ہیں اس میں نو غلطیاں ہیں۔ میں نے لیٹر بھی اس وقت کی گورنمنٹ کو لکھا۔ انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا اور نہ ہی اس کی تصحیح کی تھی۔ لیکن اب ہم انشاء اللہ تعالیٰ اس کو درست کر دیں گے۔

Mr. Chairman: Next question 130, Saifullah Khan Paracha Sahib.

130. *Mr. Saifullah Khan Paracha: Will the Minister for Defence be pleased to refer to the Senate Unstarred Question No. 4 replied on 12-10-1996 and state:

(a) the details of light aircrafts in possession of each flying club in Pakistan;

(b) the details of the light aircrafts leased out, rented out or given by CAA

to each of these clubs; and

(c) whether Quetta Flying Club has been leased out, rented out or given any light aircraft by CAA; if not, its reasons and the steps being taken to give aircrafts to the said club?

Minister for Defence : (a) Details of light aircraft in possession of each flying club is attached as Annex-A.

(b) Details of light aircraft given out on loan by CAA to the clubs is indicated in the attached list as Annex-A.

(c) The details of aircrafts and gliders given by the CAA to Quetta Soaring Club are at Annex-B. These aircrafts and gliders have been given on loan.

ANNEX-A

AIRCRAF[illegible] [illegible]SSION OF FLYING CLUBS

[illegible] PAKISTAN

Sr. No.	Club	Types of Aircraft	No. of Aircraft	Remarks
1.	KARACHI AERO CLUB	CESSNA - 152	1	
		CESSNA - 150	1	On loan from Government.
		CESSNA - 185	1	On loan from Government.
		CESSNA - 206	1	
		PA-23		
		Total:3+2 (Govt. of Pak)= 5		
2.	LAHORE FLYING CLUB	CESSNA - 152	2	
		PA - 28	1	
		CESSNA - 185	1	On loan from Government.
		CESSNA - 310	1	
		CESSNA - 337	1	[illegible]
		CESSNA - 150	1	On loan from Government.
		Total:5+2 (Govt of Pakistan)=7		
3.	MULTAN FLYING CLUB.	CESSNA - 150	2	
		CESSNA - 172	1	
		CESSNA - 180	1	
		Total: 4		
4.	PESHAWAR FLYING CLUB	CESSNA - 150	3	One C-150 loan from Govt.
		CESSNA - 172	2	One C-172 loan from Govt.
		CESSNA - 421	1	
		PA - 23	1	
		GLIDER VALENT	1	
		CESSNA - 180	1	On loan from Government.
		Total:6+3(Govt of Pakistan)=9		
5.	QUETTA SOARING & FLYING	CESSNA - 172	1	On loan from Govt. Destroyed in fire.
		GLIDER ASK 13	2	On loan from Govt. Destroyed in fire.
		T-49	1	
		GLIDER 1-23	1	Purchased from the insurance claim.
		Total:	1	
6.	RAWALPINDI FLYING CLUB	CESSNA - 152	2	One C-152 loan from Government
		cessna - 172	1	
		CESSNA - 180	1	On loan from Government.
		Total:2+2(Govt of Pak)=4		

(i) AP-BBE CESSNAR 172 K

(ii) AP-AUM CAPSTAN T-49 GLIDER

(iii) AP-AWOASK-13 GLIDER

(iv) AP-AWP ASK-13 GLIDER

جناب چیئرمین۔ جی کوئی ضمنی سوال۔

ڈاکٹر عبدالحئی : ہاں جی۔

جناب چیئرمین : اس پر فیصلہ ہوا تھا کہ جب کوئی ممبر غیر حاضر ہے تو اس پر ضمنی سوال نہیں ہوگا۔ 131 حافظ فضل محمد صاحب۔

131. *Hafiz Fazal Muhammad: Will the Minister for Interior and Narcotics be pleased to state:

(a) the number of public transport vehicles issued route permits on route numbers 1 and 6 (Islamabad-Rawalpindi) and the actual number of public transport vehicles plying on these routes, separately;

(b) whether it is a fact that the public transport vehicles on the said routes have been allowed to display route number plates on dash boards, if so, its reasons; and

(c) whether it is also a fact that route No. 6 has been shortened, if so, its details?

(Reply not received).

جناب چیئرمین۔ کوئی ضمنی سوال۔

حافظ فضل محمد : ابھی تو وزیر داخلہ صاحب ، خود تشریف فرما ہیں۔ ہم ان کے دیدار سے مستفید ہو رہے ہیں لیکن یہاں لکھا ہے کہ جواب موصول نہیں ہوا ہے۔

جناب چیئرمین ۔ بتائیں جی یہ سوال کب گیا ہے۔

چوہدری شجاعت حسین۔ کون سے سوال کی بات کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین ۔ 131۔

حافظ فضل محمد۔ ماشاء اللہ ان کو سوال کا بھی پتا نہیں چلا۔ میں دوبارہ پڑھتا ہوں کیا وزیر داخلہ و انسداد منشیات بیان فرمائیں گے کہ روٹ نمبر 1 اور 6 اسلام آباد ۔ راولپنڈی پر کتنی گاڑیوں کو روٹ پرمٹ دیئے گئے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ چوہدری صاحب یہ آپ کی منسٹری کے متعلق ہے۔

حافظ فضل محمد۔ جناب عالی! یہ حال ہمارے سب سے ذمہ دار وزیر جو وزیر داخلہ ہو ----

جناب چیئرمین۔ 131 آپ کی منسٹری کے متعلق ہے اور اس سوال کو بھی گئے ہوئے دو مہینے ہو گئے ہیں۔

چوہدری شجاعت حسین۔ جناب جواب آ جائے گا، کوئی ایسی بات نہیں ہے۔

جناب چیئرمین۔ نہیں جواب تو آ جائے گا۔ گزارش یہ ہے کہ سوال گئے ہوئے دو مہینے ہو گئے ہیں اور جواب ابھی تک نہیں آیا، آ تو جائے گا۔

(مداخلت)

چوہدری شجاعت حسین۔ کہیں نہ کہیں، کوئی نہ کوئی رکاوٹ ضرور ہو گی، خرابی ضرور ہو گی۔

جناب چیئرمین۔وہ رکاوٹ پتا کریں ۔

چوہدری شجاعت حسین۔ ہم سیکرٹریٹ کے ساتھ بیٹھ کے ہاؤس کو آگاہ کر دیں گے کہ کیا وجوہات ہیں کہ یہ سوال اس طرح ہوا ہے۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔132 کا بھی یہی جواب ہے ۔

جناب چیئرمین۔ پہلے 131 تو کر لیں پھر 132 پہ آتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ چوہدری صاحب

this requires you to look into the matter and whoever is responsible, pull him and ask him why he is delaying these matters.

یہ تو آپ کی اپنی منسٹری ہے۔

چوہدری شجاعت حسین۔ اس میں سیکرٹریٹ کا بھی دیکھنا پڑے گا۔

جناب چیئرمین۔ بالکل دیکھیں۔ ہمارے سیکرٹریٹ کی delay ہے تو مجھے بتائیں۔

چوہدری شجاعت حسین۔ اگر سیکرٹریٹ کے طرف سے delay ہے۔

جناب چیئرمین - بالکل ہے تو مجھے بتائیں I will take appropriate steps in my own organization. لیکن اگر آپ کی طرف سے ہے تو اس کو مہربانی کر کے دیکھ لیں۔

چوہدری شجاعت حسین۔ ٹھیک ہے جی۔

جناب چیئرمین - جی جناب next 132, Ministry of Defence کے بارے میں ہے۔

132. *Hafiz Fazal Muhammad: Will the Minister for Defence be pleased to state:

(a) the number of officers working in PIA with their province-wise break-up indicating also the date of their recruitment; and

(b) the criterion adopted for the recruitment of the said officers?

Minister for Defence: The requisite information is being collected and will be submitted as soon as possible.

Mr. Chairman: Again reply not received.

چوہدری شجاعت حسین۔ یہ بھی PIA کے ------

میاں رضا ربانی۔ 136 ,135 کا بھی یہی حال ہے۔

جناب چیئرمین۔ معلوم ہوتا ہے کہ Defence کسی نے چھوڑ ہی دیا ہے کہ جی ٹھیک ہے۔

چوہدری شجاعت حسین۔ جناب والا! میں اس میں وضاحت کرنا چاہوں گا، جیسے میں نے پہلے گزارش کی ہے کہ Defence کا مسئلہ ہی نہیں ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ I know, I am coming to that میں نے پہلے بھی دیکھا ہے، اب بھی دیکھوں گا۔

چوہدری شجاعت حسین۔ جناب والا! Defence کا مسئلہ نہیں ہے۔ Defence کے 35 سوالات ہیں تمام کے جوابات یہاں پر موجود ہیں، Defence کا مسئلہ نہیں ہے۔ یہ PIA کا علیحدہ مسئلہ پیدا ہوا ہے تو حل ہو جائے گا انشاء اللہ کہ کیا رکاوٹ ہے۔

جناب چیئرمین۔ چوہدری صاحب اس میں دو مسئلے ہیں۔ ایک تو مسئلہ یہ ہے کہ انہوں نے کہا کہ PIA کے سوالات شاہد خاقان عباسی صاحب handle کریں گے۔ وہ تو ایک مسئلہ ہے۔ دوسرا یہ ہے کہ جواب بھی موصول نہیں ہو رہا یعنی جواب دینا تو منسٹری کے افسروں کا کام ہے کہ جواب تیار کریں۔ اس میں تو منسٹر صاحب supervise کر سکتے ہیں۔ جواب تو افسروں نے اکٹھا کرنا ہوتا ہے۔

So, please ask the Secretary Defence why is this not being done?

باقی تو بعد کی بات ہے کہ کس نے جواب دینا ہے۔ 131 کا جواب کب تک آئے گا۔

چوہدری شجاعت حسین۔ جناب اگلے ہفتے۔

جناب چیئرمین۔ اگلے ہفتے جی۔

Next 132, again not received, 133 Habib Jalib Baloch.

133.. * Mr. Habib Jalib Baloch: Will the Minister for Defence be pleased to state:

(a) the year-wise amount (Local and foreign exchange separately) spent on

the improvement of the Meteorological Radar Network in Pakistan during the last three years;

(b) the funds allocated for the said purpose during the said period with their year-wise break-up; and

(c) the amount allocated for the purpose during the year 1997-98?

Minister Incharge for Defence: (a) Nil.

(b) Nil.

(c) Amount allocated for improvement of Meteorological Radar Network during 1997-98 is as under:-

(i)	Local Currency	Rs. 3.350 million
(ii)	Foreign Exchange (Grant-in-Aid committed by Government of Japan)	Rs. 17.850 million

جناب خدائے نور۔ وہ بھی یہی ہے۔

جناب چیئرمین۔ اس کا بھی یہی ہے۔ 134 Habib Jalib Sahib Really sad.

134. ***Mr. Habib Jalib Baloch:** Will the Minister for Railways be pleased to state:

(a) whether it is a fact that the Pakistan Railways is running into losses if so, its reasons and the steps being taken by the Government to improve the situation; and

(b) the number of employees working in Pakistan Railways at different levels with province-wise break-up?

Sardar Muhammad Yaqoob Khan Nasir: (a) Pakistan Railway is running into losses since 1975-76. The main reasons for the loss are

as under:-

- Although Pakistan Railways' earning has increased over the years yet the Railways expenditure has increased at a much larger pace due to general increase in prices, devaluation of Rupee and inflation over the previous years The following items of expenditure are worth mentioning:

* Fuel
* Electricity
* Pension

- In the discharge of the socio-economic obligation towards the general public and strategic needs of the country it has to bear some undue burdens which add to the loss of Railways.

Pakistan Railways has taken necessary steps to increase earnings and to decrease the expenditure such as :

- Reducing the number of staff by attrition.
- Introduction of Non-Stop services such as Karachi Express, Rawalpindi-Lahore Night Rail Car and Faisalabad-Karachi Express train.
- Induction of more high grade compartments in the existing trains.

In order to improve the situation a reorganization of the Railway system is underway now a days wherein the main emphasis is on:

- Privatisation of the Railway activities as far as possible.
- Relieving the Railway from such burdens which are not directly related with the Railway operations.
- Closure of such sections, routes, trains and elimination of

stoppages which are not commercially viable.

(b) Grade-wise and province-wise break-up of persons working in Pakistan Railways, attached departments and subordinate offices is as under: -

S.No	Scale	Punjab	Sindh	NWFP	Baluchistan	NA/FATA	AJK	Total
1	22	1	-	-	-	-	-	1
2	21	6	-	-	-	-	-	6
3	20	41	10	5	-	-	-	56
4	19	55	15	20	5	2	-	97
5	18	122	41	30	8	7	3	211
6	17	393	85	52	11	10	6	557
7	16	877	131	33	21	-	-	1062
8	15	539	78	36	1	-	3	657
9	14	726	270	88	5	-	2	1091
10	13	342	85	52	-	10	5	494
11	12	1584	915	125	108	2	9	2743
12	11	2859	1506	390	37	18	34	4844
13	10	343	97	24	1	-	6	471
14	9	1685	1038	182	61	12	5	2983
15	8	1222	830	115	91	2	1	2261
16	7	4939	1968	569	153	14	39	7682
17	6	8775	1358	522	352	3	33	11043
18	5	9838	3121	1091	609	28	101	14788
19	4	6224	1708	718	503	-	105	9258
20	3	8081	2724	464	546	10	86	11911
21	2	9896	2868	608	1425	1	9	14808
22	1	12812	5273	1515	914	21	168	20703
	Total:-	71360	24121	6639	4852	140	615	107727

Mr. Chairman: Next we go to question No. 135.

135. ***Mr. Habib Jalib Baloch:** Will the Minister for Defence be

pleased to state:

(a) the number of airports in Balochistan and the number of PIAemployees working there, with their province-wise break-up;

(b) the number of persons having the domicile of Balochistan working on contract basis in PIA and the time by which their services will be regularized; and

(c) the number of ASP employees at these airports with their province-wise break-up?

Minister for Defence: The requisite information is being collected and will be submitted as soon as possible.

136 . **Ch . Muhamamd Anwar Bhinder:** Will the Minister for Defence be pleased to state:

(a) the income expenditure, profit earned or loss suffered by the Pakistan International Airlines during 1996-97;

(b) the foreign and domestic debts, if any of the Corporation as on30-6-1997; and

(c) the number of persons working in the Corporation with their grade-wise brea-up indicating also the amount paid to them towards their salaries during the said year?

Minister for Defence : The requisite information is being collected and will be placed as soon as possible.

جناب چیئرمین ۔ اس کا بھی جواب نہیں آیا ہوا Ministry of Defence کے بارے میں ہے۔ 136 کا بھی نہیں آیا ہوا ہے بھنڈر صاحب کا سوال ہے۔ Answer ہے ہی نہیں تو میں کیا کہوں۔

